## سوال

جمعہ کے لئے نمازیوں کی تعداد

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

نماز جمعہ اور اقامت خطبہ کے لئے نمازیوں کی کم از کم کتنی تعداد شرط ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس مسئلہ میں اہل علم میں بہت اختلاف ہے اور اس مسئلہ میں سب سے زیادہ صحیح قول یہ ہے کہ اگر امام اور اس کے ساتھ دو مقتدی یعنی کل تین نمازی ہوں تو جمعہ ہو سکتا ہے یعنی اگر کسی بستی میں تین مکلف آزاد اور مقیم مرد ہوں تو وہ جمعہ قائم کریں اور نماز ظہر نہ پڑھیں کیونکہ نماز جمعہ کی مشروعیت اور فرضیت کے دلائل کے عموم سے معلوم ہوتا ہے کہ تین یا اس سے زیادہ آدمی ہوں تو ان کے لئے نماز جمعہ ادا کرنا فرض ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

[فتاویٰ اسلامیہ]

# ج1ص545

محدث فتویٰ